بسم اللہ الرحمن الرحیم
ماشاء اللہ لا قوۃ الا باللہ
اللھم صل وسلم وبارک علی سیدنا ومولانا وحبیبنا محمد النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وعترتہ بعدد کل معلوم لک
وبعدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک استغفر اللہ الذی لا الہ الا ھو الحی القیوم واتوب الیہ

سیدنا احمد صلی اللہ علیہ وسلم کا کلام

ہمارے سردار جہان سے زیادہ شیریں کلام درود وسلام بھیجے اللہ آپ پر

عن البراء بن عازب رضی اللہ عنہ قال ما سمعت احدًا احسن صوتا منہ۔

(المغنی عن حمل الاسفار للعراقی حاشیہ احیاء العلوم ج۲ ص۳۶۴)

حضرت براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ مَیں نے حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم سے زیادہ کسی کی اچھی آواز نہیں سُنی۔

عن عمرۃ رضی اللہ عنہا قالت قلت لعائشۃ کیف کان رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم فی اھلہ؟ قالت کان ألین الناس و اکرم الناس و کان ضحاکا بسامًا۔

(رواہ ابن عساکر۔ تاریخ ابن کثیر ج ۶۔ ص۴۴)

حضرت عمرہ رضی اللہ عنہا نے کہا کہ مَیں نے حضرت عائشہ رضی اللہ عنہا سے پوچھا کہ حضورِ اقدس صلی اللہ علیہ وسلم گھر میں کیسے رہتے تھے؟ تو حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا نے فرمایا کہ حضورؐ تمام لوگوں سے نرم طبیعت تھے اور تمام لوگوں سے بزرگ تھے ہنس مُکھ تھے، خنداں دنداں تھے۔

ربنا تقبل منا انک انت السمیع العلیم
آمین آمین آمین یا رب العلمین ط